Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 7 Short Questions Test

Q1. سورۃ الانفال میں اہل مکہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

Ans 1: مکہ مکرمہ میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین اعلان نبوت کے بعد تیرہ سال مقیم رہے- اس دوران مکہ مکرمہ کے کفار نے نبی کریم صلی اللہ خاتم النبین اور آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے جاں نثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو طرح طرح سے ستانے اور ناقابل برداشت تکلیفیں پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی.

Q2. غزوہ احد سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے.

Ans 1: اس غزوہ سے یہ بات عملی طور پر ثابت ہوگئی کہ رسول اللہ خاتم النبین کے حکم کو فراموش کرنے اور نظم و ضبط ترک کرنے سے کتنا نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے.

Q3. لفظ کے معنی لکھیں- قعودا- سبحنک- اخزیتہ- منادی- سیاتیا- لاتخزنا- المیعاد

Ans 1: قعودا- بیٹھے بیٹھے- سبحنک- تو پاک ہے- اخزیتہ- تونے اسے رسوا کردیا منادی - پکارنے والا- سیاتنا- ہمارے برائیاں - لاتخزنا- ہمیں رسوا مت کرنا المیعاد- وعدہ

Q4. لفظ کے معنی تحریر کریں- یسلونک- اصلحوا- وجلت - یتوکلون- فتہ- فتفشلوا- بطرا

Ans 1: یسٔلونک- وہ آپ سے سوال کرتے ہیں- اصلحوا- درست رکھو- وجلت- کانپ اٹھتے ہیں- یتوکلون- وہ توکل کرتے ہیں- فئتہ- کوئی لشکر فتفشلوا- ورنہ تم کم ہمت ہوجاؤگے- بطرا- اکڑتے ہوئے

Q5. سورۃ ال عمران کی کون سی آیت مباہلہ کہلاتی ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کی ایت اکسٹھ ایت مباہلہ کہلاتی ہے.

Q6. سورہ البقرہ کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین جب ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے تو یہ سورت نازل ہوئی.

Q7. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ البقرہ پڑھا کرو اس کے پڑھنے میں برکت ، چھوڑنے میں حسرت اور بدنصیبی ہے اور اہل باطل (جادوگر، کاہن اور مکار) لوگوں کا اس پر بس نہیں چلتا (یعنی ان کا فریب اثر نہیں کرتا)-

---

Q8. سورۃ ال عمران میں کس امت کو بہترین امت قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران میں امت مسلمہ کو بہترین امت قرار دیا گیاہے.

Q9. سورۃ البقرہ کا مضمون کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کا مرکزی مضمون ہدایت ہے. سورۃالقبرہ کے بالکل شروع میں ان لوگوں کی صفات بیان کی گئی ہیں جو قرآن مجید سے ہدایت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں- اس سورت مین واضح کیا گیا ہے کہ جس طرح پہلے اللہ تعالی انسانوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیھم السلام کے زریعے سے کتابیں بھیجتا رہا ہے- اسی طرح اس نے حضرت ﷴ رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قرآن مجید کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے.- یہ واضح کیا گیا ہے کہ آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے بغیر ایمان کا دعویٰ قبول نہیں- لہذا انسانوں کا حکم دیا گیا ہے کہ قرآن محید اور صاحب قرآن خاتم انبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور ان کی کامل اطاعت کرو.

Q10. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت مریم علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ تھیں-